4920CH12

# غزل

گُلوں میں رنگ بھرے بادِ نو بہار چلے / چلے بھی آؤ کہ گُلشن کا کاروبار چلے
قفس اُداس ہے یارو صبا سے کچھ تو کہو / کہیں تو بہرِ خدا آج ذکرِ یار چلے
بڑا ہے درد کا رشتہ، یہ دل غریب سہی / تمھارے نام پہ آئیں گے، غمگسار چلے
جو ہم پہ گُزری سو گُزری مگر شبِ ہجراں / ہمارے اشک تری عاقبت سنوار چلے

مقام، فیضؔ، کوئی راہ میں جچا ہی نہیں
جو کوئے یار سے نکلے تو سوئے دار چلے

فیض احمد فیضؔ

## سوالوں کے جواب لکھیے

1. گُلشن کا کاروبار چلنے سے کیا مراد ہے؟
2. قفس کی اُداسی کی وجہ کیا ہے؟
3. درج ذیل شعر کا مفہوم لکھیے:

جو ہم پہ گُزری سو گُزری مگر شبِ ہجراں
ہمارے اشک تری عاقبت سنوار چلے

4. ''جو کوئے یار سے نکلے تو سوئے دار چلے'' اس مصرعے میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟

© NCERT not to be republished